# 12-04-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی پیر کو بھو بھارتی پورٹل ( ریکارڈ آف رائٹس ) کا آغاز کریں گے۔

۲۔ایس ایل بی سی ٹنل ناگر کرنول ضلع کے پولم پلی میں پھنسے مزید 6 مزدوروں کی تلاش کی کارروائی 50 ویں دن میں داخل ہوگئی۔

۳۔حیدرآباد میں تلنگانہ اکیڈمی فار اسکل اینڈ نالج میں آج شام منعقدہ ویوز مقابلہ میں تقریباً سینکڑوں فنکاروں اور تنظیموں نے حصہ لیا۔

اور

۴۔محکمہ موسمیات کے مرکز نے ہفتہ کے روز کہا کہ آئندہ 72 گھنٹوں کے دوران تلنگانہ کے بعض مقامات پر گرج چمک کے ساتھ آندھی اور تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔

TS TREE MAN:

پدم شری رامیا جوٹری مین آف تلنگانہ کے نام سے مشہور تھے، ضلع کھمم کے اپنے آبائی گاوں ریڈی پلی میں چل بسے۔ان کو دل کا دورہ پڑا جس کے بعد ان کو کھمم کے سرکاری اسپتال منتقل کیا گیا جہاں علاج کے دوران ان کی موت ہوگئی۔وہ کچھ عرصہ سے علیل تھے۔رامیا کو ماحولیات کے تحفظ کیلئے ان کے غیر معمولی رول پر سال 2017 میں پدم شری دیا گیا تھا۔انہوں نے اپنی زندگی میں تقریبا ایک کروڑ پودے لگائے اور درختوں کی اہمیت پر بیداری پیدا کی۔حال ہی میں تلنگانہ حکومت نے طلبہ میں جذبہ پیدا کرنے کیلئے ان کی زندگی کی کہانی کو چھٹویں جماعت کے نصاب کا حصہ بنایا۔ وزیراعظم مودی، گورنر جشنو دیو ورما، وزیراعلی ریونت ریڈی، مرکزی وزرا کشن ریڈی، بنڈی سنجے، نائب وزیراعلی ملو بھٹی وکرامارکا، سابق وزیر ہریش راو ان قائدین میں شامل ہیں جنہوں نے رامیا کو خراج پیش کیا۔

IPL CRICKET

آئی پی ایل ٹی 20 کرکٹ میں لکھنو سو پر جائنٹس کا ٹکراو گجرات ٹائٹنس کے ساتھ لکھنو کے ایکانا اسٹیڈیم میں آج ہورہا ہے۔ گجرات، پانچ میاچس میں سے چار کی کامیابی کے ذریعہ پوائنٹس کے ٹیبل پر سرفہرست ہے۔آج کے دوسرے میاچ میں پنجاب کنگس کا سامنا راجیو گاندھی اسٹیڈیم اُپل میں سن رائزرس حیدرآباد کے ساتھ ہورہا ہے۔اس میاچ کا آغاز 7.30 بجے شام ہوگا۔اس سیزن میں حیدرآباد صرف ایک ہی میاچ کامیاب ہو پایا اور فی الحال وہ پوائنٹس کے ٹیبل میں سب سے نیچے ہے جبکہ پنجاب کنگس کو پوائنٹس کے لحاظ سے پانچواں مقام حاصل ہے۔

IMD WEATHER

محکمہ موسمیات کے مرکز نے ہفتہ کے روز کہا کہ آئندہ 72 گھنٹوں کے دوران تلنگانہ کے بعض مقامات پر گرج چمک کے ساتھ آندھی اور تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے، جن کی رفتار 30 تا 40 کلومیٹر فی گھنٹہ ہوسکتی ہے۔ اپنی موسمی رپورٹ میں مرکز نے کہا کہ ریاست کے بعض مقامات پر آئندہ پانچ دنوں کے دوران ہلکی تا اوسط بارش یا گرج چمک کے ساتھ بوندا باندی کا امکان ہے۔ ریاست میں 17 اور 18 اپریل کو موسم خشک رہنے کا امکان ہے۔ ریاست میں اعظم ترین درجہ حرارت 41.8 ڈگری سیلسیس جمعہ کے روز عادل آباد میں ریکارڈ کیا گیا۔

GOVERNOR:

گورنر جشنو دیو ورما نے طلبہ سے کہا ہے کہ وہ ایک سچے رہنما کی خصوصیات اختیار کریں یعنی سیکھنا، اخلاقی دیانت داری، مطابقت پذیری، عزم، ہمدردی اور ذمہ داری۔ حیدرآباد کے نواحی علاقہ تو پران پیٹ میں بزنس اسکول کے کانوکیشن سے خطاب کرتے ہوئے گورنر نے اخلاقی قیادت، مسلسل سیکھنے اور ذمہ دارانہ کاروبار پر زور دیا۔ اس موقع پر گورنر نے نمایاں کارکردگی دکھانے والے طلبہ گولڈ میڈل اور اسناد تقسیم کئے۔ ایران کے قونصل جنرل مہدش شاہ رخی بھی اس موقع پر موجود تھے۔

BHU BHARATI:

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی پیر کو بھو بھارتی پورٹل (ریکارڈ آف رائٹس) کا آغاز کریں گے۔ جس کا طویل عرصہ سے انتظار کیا جا رہا تھا۔ اس سے گزشتہ 10 برسوں میں اراضی کے لین دین کے مسائل حل ہوں گے۔ وزیر ریونیو پی سرینواس ریڈی نے کہا کہ تلنگانہ بھو بارتی ایکٹ سے عوام کو زیادہ موثر اور جامع ریونیو خدمات فراہم کی جائیں گی۔ انہوں نے پچھلی بی آر ایس حکومت نے ضروری قواعد وضوابط مرتب کئے بغیر بی آر او آر ایکٹ نافذ کیا تھا جس سے اراضی کے لین دین میں مسائل پیدا ہوئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ بھو بھارتی پورٹل پرانے تنازعات کو حل کرے گا اور محکمہ بہتر خدمات کی فراہمی کے لئے اقدامات کر رہا ہے۔

HARISH:

سابق ریاستی وزیر ہریش راؤ نے ریاستی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ ان کسانوں کو اِن پٹ سبسیڈی فراہم کریں جن کی فصلیں سدی پیٹ میں غیر موسمی بارش اور ژالہ باری سے متاثر ہوئی تھی۔ ضلع کے راج گوپال پیٹ میں ناگنور منڈل میں بارش سے متاثرہ فصلوں کا معائنہ کرنے کے بعد میڈیا سے بات کرتے ہوئے ہریش راؤ نے کہا کہ کانگریس پارٹی نے اقتدار میں آتے وقت کسانوں کے لئے رعیتو بھروسہ، رعیتو بیمہ اور دیگر کئی فوائد کا اعلان کیا تھا تاہم کانگریس حکومت دیڑھ سال گزر نے

کے باوجود ان وعدوں کو پورا نہیں کر پائی۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ ژالہ باری سے متاثرہ کسانوں کے لئے بیج فراہم کرے تا کہ آنے والے موسم خریف کیلئے کاشتکاری کی جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ ناگنور منڈل میں غیر موسمی بارش کی وجہ سے 11 دیہاتوں میں 5 ہزار ایکر سے زائد رقبہ پر کھڑی فصلیں تباہ ہوگئیں۔

UPI:

نیشنل پے منٹس کارپوریشن آف انڈیا (این پی سی آئی) نے کہا ہے کہ یو پی آئی رقمی معاملات بعض تکنیکی مسائل کی وجہ سے جزوی طور پر رک گئی ہیں۔ اپنے سوشیل میڈیا پوسٹ میں این پی سی آئی نے کہا کہ وہ آسان ڈیجیٹل رقمی معاملات کو یقینی بنانے کے لئے مسائل کے حل کی سمت کام کررہے ہیں۔

PROCESSION:

ہنومان جینتی کا مرکزی جلوس شہر کے مختلف علاقوں سے گزرتا ہوا تاڑبن میں ہنومان مندر پر اختتام کو پہنچا۔ کمشنر پولیس حیدرآباد سی وی آنند اور شہر کے پولیس عہدیداروں نے رام مندر گاؤلی گوڑہ کے علاوہ جلوس کے راستوں کا معائنہ کیا اور سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔ ہزاروں افراد زعفرانی جھنڈے لے کر جلوس میں شامل ہوئے۔ مرکزی جلوس کوٹھی، سلطان بازار، رام کوٹ چوراہا اور مشیر آباد سے گزرا اور شام میں تاڑبن ہنومان مندر پر اختتام کو پہنچا۔ پولیس نے یاترا کے کامیاب انعقاد کے لئے وسیع تر سیکورٹی انتظامات کئے تھے۔

SLBC:

ایس ایل بی سی ٹنل ناگر کرنول ضلع کے پولم پلی میں جہاں 22 فروری ڈریلنگ کے دوران سرنگ کا ایک حصہ گر گیا تھا وہاں پھنسے مزید چھ مزدوروں کی تلاش کی کارروائی 50 ویں دن میں داخل ہوگئی۔ امدادی ٹیموں نے اب تک دو لاشیں برآمد کی۔ ملبہ ہٹانے بشمول سرنگ کھودنے والی مشین کے ٹکڑوں کو ہٹانے کا کام رات دن جاری ہے تا کہ تقریباً 14 کلومیٹر اندر پھنسے مزدوروں کی لاشیں نکالی جاسکیں۔ اسپیشل آفیسر کے مطابق جو امدادی کارروائی کی نگرانی کررہے ہیں، امدادی کام تیز رفتاری سے جاری ہے۔

WAVES:

حیدرآباد میں تلنگانہ اکیڈمی فار اسکل اینڈ نالج میں آج شام منعقدہ ویوز مقابلہ میں تقریباً سینکڑوں فنکاروں اور تنظیموں نے حصہ لیا۔ میڈیا اینڈ انٹرٹینمنٹ اسوسی ایشن آف انڈیا نے تلنگانہ وی ایف ایکس اینی میشن اینڈ گیمنگ اسوسی ایشن کے ساتھ یہ مقابلہ 11 شہروں میں منعقد کیا تھا۔ ممبئی میں آنے والے مہینہ کی پہلی تاریخ ورلڈ آڈیو ویژول انٹرٹینمنٹ سمٹ (Waves)

منعقد کی جائے گی ۔ یہ مقابلہ ملک میں اپنی نوعیت کا پہلا مقابلہ ہے تاکہ نوجوان ٹالنٹ کو ترقی دی جاسکے۔ایم ای آئی کے سکریٹری انکور بھاسن نے کہا کہ یہ مقابلہ ایک تحریک ہے تاکہ آنے والی نسل کی animeاور manga creators کو تسلیم کیا جاسکے۔سوشیل پھشٹ صدرنشین ایم ای اے آئی نے کہا کہ اس مقابلہ میں بہتر مظاہرہ کرنے والوں کو ویوز ایونٹ میں شرکت کیلئے ممبئی بھیجا جائے گا۔سینئر ریٹائرڈ آئی اے ایس عہدیدار ڈی پی آچاریہ نے کہا کہ ویوز ملک کی اینی میشن جیسے شعبہ میں صلاحیت کو آگے بڑھانے کے لئے عالمی پلیٹ فارم ثابت ہوگی۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے تلنگانہ اکیڈمی آف اسکل اینڈ نالج کے سی ای او سریکانت سنہانے کہا کہ عوام کو چاہئے کہ وہ اینی میشن اور دیگر متعلقہ شعبوں کو بہتر کیریئر سے مربوط دیکھیں۔Sound Byte

OO